**08.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے پردھان منتری مدرا یوجنا کے 11 سال مکمل ہونے پر، اُس کی ستائش کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس اسکیم نے ملک بھر میں کاروبار کے جذبے کو استحکام بخشا ہے۔

☆ کیرالم اور آسام اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں کل ہونے والی ووٹنگ کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ پڈوچیری کی واحد مرحلے کی پولنگ کیلئے بھی سکیورٹی میں اضافہ کردیا گیا ہے۔

☆ بھارت کے ریزرو بینک نے ریپو شرح پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے۔ RBI نے موجودہ سہ ماہی کیلئے بھارت کی اصل GDP نمو کا اندازہ 6 اعشاریہ نو فیصد لگایا ہے۔

☆ وزارت خارجہ نے بھارتی شہریوں کو ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایران سے فوری طور پر نکل جائیں۔

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی معاہدے اور آبنائے ہرمز کے دوبارہ کھلنے کے پس منظر میں تیل کی عالمی قیمت میں 20 فیصد تک کی گراوٹ آئی ہے۔

☆ اور ، سینسکس میں قریب 4 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جبکہ نفٹی میں 800 پوائنٹس کی بڑھوتری ہوئی ہے۔ بھارتی روپیہ، امریکی ڈالر کے مقابلے 39 پیسے مضبوط ہوا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-MUDRA YOJANA**

سال 2015 میں شروع ہوئی پردھان منتری مُدرا یوجنا کے آج 11 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ اس موقع پر سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پردھان منتری مدرا یوجنا، نوجوانوں میں خود روزگار کو فروغ دینے کے تئیں

انتہائی کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ جناب مودی نے کہا ہے کہ اس اسکیم کی کامیابی نے یہ دکھادیا ہے کہ جب نوجوانوں کو صحیح مواقع فراہم کئے جاتے ہیں، تو وہ خود کفیل بنتے ہیں اور ساتھ ہی ملک کی ترقی میں بھی اہم تعاون کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پردھان منتری مدرا یوجنا نے لاکھوں لوگوں کو بااختیار بناتے ہوئے قرض تک رسائی کی نئ تشریح کی ہے اور اُن لوگوں کو خواب دیکھنے اور انہیں پورا کرنے کی خود اعتمادی فراہم کی ہے۔

وزیراعظم نے مزید کہا کہ رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے اور لوگوں کی اُمنگوں پر بھروسہ کرتے ہوئے پردھان منتری مدرا یوجنا نے ملک بھر میں کاروبار کے جذبے کو مستحکم کیا ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ یہ اسکیم ملک کے بیشار انفرادی کاروباریوں اور **MSMEs** کیلئے قرض کے منظرنامے کی تشکیل نو میں بے حد اہم ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی دہائی میں بھارت، ایک خاموش بدلاؤ سے گزرا، جب ملک کے کروڑوں عام شہریوں نے، نئے اعتماد کے ساتھ کاروباری دنیا میں قدم رکھا۔ محترمہ سیتارمن نے مزید کہا کہ اس پہل کی بدولت قرض حاصل کرنے کی رکاوٹیں ختم کرنے کے ساتھ ہی کاروبار حقیقی معنوں میں سبھی کیلئے قابل رسائی ہوگیا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے مزید کہا کہ پی ایم مدرا یوجنا، کاروباریوں کو بااختیار بنانے کا سلسلہ جاری رکھے گی، تاکہ وہ سال **2047** تک وکست بھارت بننے کے ملک کے سفر میں سرگرم طور پر حصہ لے سکیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Dipendra**

*پردھان منتری مدرا یوجنا کے تحت آج تک مجموعی طور پر **40** لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے **58** کروڑ قرضہ جات کو منظوری دی گئی ہے۔ اِن میں سے دو تہائی قرضے خواتین کاروباریوں کیلئے منظور کئے گئے۔ وہیں تقریباً کُل قرضہ جات کا پانچواں حصہ اُن کاروباریوں کو دیا گیا، پہلی مرتبہ کاروبار کررہے ہیں۔ اس پہل کو مالیاتی رسائی کے خلاء کو پُر کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس میں چھوٹے کاروباریوں کو **20** لاکھ روپے تک کے قرض کی فراہمی کو آسان بنایا گیا ہے۔ مدرا قرضہ جات کی چار زُمروں میں پیشکش کی جارہی ہے، جن میں شیشو، کِشور، ترون اور ترون پلس شامل ہیں، جو قرض لینے والوں کی نمو اور ترقی اور اُن کی مالیاتی ضرورتوں کے عین مطابق ہیں۔*

*نئی دِلّی سے دیپندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں...... فیصل خان*

## POLL ARRANGEMENTS

کیرالم میں **140** اسمبلی حلقوں، آسام میں **126** اسمبلی حلقوں اور پدوچیری میں **30** سیٹوں کیلئے ایک ہی مرحلے میں کُل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ حکام نے آزادانہ، منصفانہ اور پُرامن پولنگ کو یقینی بنانے کی غرض سے سلامتی کے سخت اقدامات کئے ہیں۔ آسام میں ووٹ ڈالے جانے کے شفاف عمل کو یقینی بنانے کیلئے اعلیٰ انتخابی افسر انوراگ گوئل نے اعلان کیا ہے کہ

ریاست میں سبھی 31 ہزار 490 پولنگ اسٹیشنوں کو براہِ راست نگرانی میں رکھا جائے گا۔ انتظامیہ نے بلارکاوٹ چناؤ کو یقینی بنانے کی غرض سے ڈیڑھ لاکھ چناؤ اہلکاروں اور 43 ہزار VVPAT مشینیں تعینات کی ہیں۔

پدوچیری کے ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ پدوچیری ضلع میں الیکشن ڈیوٹی کیلئے چار ہزار 116 پولنگ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ سکیورٹی انتظامات میں تین ہزار سے زیادہ پولیس اہلکار، مرکزی مسلح پولیس دستوں کی 45 کمپنیاں اور کرناٹک پولیس کی ایک اسپیشل یونٹ شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ 137 حساس پولنگ مرکزوں پر قریبی نظر رکھنے کیلئے 155 مائیکرو مشاہدین مقرر کئے گئے ہیں۔×

## TMC-ECI DELEGATION

انتخابی کمیشن نے آج یقین دلایا ہے کہ مغربی بنگال میں انتخابات یقیناً کسی ڈر، تشدد اور ڈرانے دھمکانے کی کارروائی وغیرہ سے پاک ہوں گے۔ کمیشن نے یہ بات ترنمول کانگریس TMC کے ایک وفد کے ساتھ میٹنگ کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہی۔ اِس سے پہلے TMC کے وفد نے کمیشن کو ایک میمورنڈم پیش کیا تھا اور مغربی بنگال میں انتخابی عمل میں غیرجانبداری، انصاف اور شفافیت سے متعلق اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ اِس وفد میں سینئر رہنما Derek O'Brien، Sagarika گھوش، Saket گھوکھلے اور Menaka گروسوامی شامل تھے۔×

## RBI MONETARY POLICY

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے 5 اعشاریہ دو پانچ فیصد شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا نے پہلی دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ مالی پالیسی کی کمیٹی نے اتفاقِ رائے سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ریپوریٹ کو 5 اعشاریہ دو پانچ فیصد پر ہی برقرار رکھا جائے۔ دو ماہ میں ایک بار منعقد ہونے والی کمیٹی کی میٹنگ گورنر کی صدارت میں پیر کو شروع ہوئی تھی۔ مالی پالیسی کی کمیٹی نے یہ توقع بھی کی ہے کہ پچھلے مالی سال کیلئے GDP سات اعشاریہ چھ فیصد رہے گی، جبکہ رواں مالی سال کیلئے یہ 6 اعشاریہ 9 فیصد ہوگی۔

## IRAN ADVISORY

ایران میں تیزی سے اُبھرتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر وزارتِ خارجہ نے اُن بھارتی شہریوں کو، جو فی الحال ایران میں ہیں، مشورہ دیا ہے کہ وہ سفارتخانے کے اشتراک سے اور سفارتخانے کی تجویز کردہ راستوں کا استعمال کرکے جلد سے جلد ایران چھوڑ دیں۔ ایڈوائزری میں وزارت نے کہا ہے کہ سفارتخانے کے ساتھ تال میل اور پہلے سے مشورہ کئے بغیر کسی بھی بین الاقوامی زمینی سرحد کی طرف جانے کی کوشش نہ کریں۔ اِس دوران اُس نے بھارتی شہریوں سے درخواست کی ہے کہ وہ سرکاری

اَپ ڈیٹس پر قریبی نظر رکھیں۔ سفارتخانے سے اِن موبائل نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے:
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک ایک پانچ
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر نو
پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر دو
اور پلس نو آٹھ نو، نو تین دو، ایک سات نو، تین پانچ نو
سفارتخانے کی ای-میل اِس طرح ہے: cons.tehran@mea.gov.in

## WEST ASIA CONFLICT

امریکہ اور ایران نے دو ہفتے طویل جنگ بندی سے اتفاق کرلیا ہے اور ہفتوں سے جاری براہِ راست فوجی ٹکراؤ روک دی ہے۔ ثالثوں کے ذریعے کرائے گئے اِس سمجھوتے میں دونوں فریقوں کو فوراً حملے روکنے اور بین الاقوامی جہازرانی کیلئے آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے کو کہا گیا ہے۔ جنگ بندی کے اعلان کے چند گھنٹے کے اندر تیل کی قیمتیں تیزی سے گِر گئیں اور یہ 115 ڈالر فی بیرل سے کم ہوکر 95 ڈالر سے بھی نیچے آگئیں۔ اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واشنگٹن میں اِس سمجھوتے کی تصدیق کی ہے اور اِسے ڈپلومیسی کی جیت قرار دیا ہے۔

دوسری طرف ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی اعلان کیا ہے کہ اگر ایران کے خلاف حملے روکے جاتے ہیں تو ایران بھی جنگ بندی پر رضامند ہوگا۔ ایک بیان میں انھوں نے اعلان کیا کہ آبنائے ہُرمز کے راستے دو ہفتے کیلئے محفوظ راستہ فراہم کیا جانا ممکن ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ ایسا ایران کی مسلح افواج کے ساتھ تال میل اور تکنیکی حدود پر مناسب غوروفکر کرنے کے بعد کیا جائے گا۔

اِس دوران ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل نے تاریخی جیت کا دعویٰ کیا ہے اور کہا ہے کہ امریکہ نے ایران کا 10 نکاتی منصوبہ منظور کرلیا ہے۔ اُدھر اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل دو ہفتے تک ایران کے خلاف حملے روکنے کے امریکہ کے فیصلے کی حمایت کرتا ہے، لیکن اُنہوں نے واضح کیا کہ لبنان پر حملے نہیں روکے جائیں گے، جہاں حزب اللہ کے ساتھ لڑائی جاری ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے مزید کہا کہ اسرائیل، اِس بات کو یقینی بنائے جانے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کوششوں کا خیرمقدم کرتا ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے ہمسایہ ملکوں اور پوری دنیا کو ایران سے نیوکلیائی، میزائل اور دہشت گردی کا اب خطرہ لاحق نہ ہو۔×

## CRUDE OIL MIDDAY

امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتے طویل جنگ بندی کے اعلان کے بعد خام تیل کی عالمی قیمتیں گِر گئیں۔

خام تیل West Texas Intermediate WTI کی قیمت 91 ڈالر گیارہ سینٹ فی بیرل ہوگئی، جبکہ Brent خام تیل کی قیمت کم ہوکر 91 ڈالر 72 سینٹ فی بیرل ہوگئی۔×

**INDIA-US TIES GOR**

بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor نے واشنگٹن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور سینئر افسران کے ساتھ اہم میٹنگیں کیں، جس میں بھارت-امریکہ تعلقات کے مستقبل اور عالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گور نے صدر ٹرمپ کے ساتھ عشائیے کو بہترین قرار دیا اور دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال اور عالمی استحکام کے تئیں صدر ٹرمپ کے عزم کو نمایاں کیا۔×

**OM BIRLA TRIBUTE CHATTOPADHYAY**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج Bankim Chandra Chattopadhyay کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے کہا کہ وندے ماترم کی شکل میں اُنہوں نے نہ صرف ایک گیت دیا، بلکہ بھارت ماتا کی پوجا کیلئے ایک عظیم منتر بھی دیا،جس نے پورے ملک کو ایک دھاگے میں پرو دیا اور نئے شعور کے ساتھ آزادی کی لڑائی کا جذبہ پیدا کیا۔ لوک سبھا کے اسپیکر نے Bankim Chandra Chattopadhyay کو ایک عظیم محبّ وطن، ایک مضبوط قوم پرست مفکر اور بھارتی شعور کا ایک لافانی ادیب قرار دیا۔×

**STOCKS**

امریکہ اور ایران کے درمیان دو ہفتے طویل جنگ بندی کے اعلان کے بعد آخری خبریں ملنے تک Sensex میں 2 ہزار 800 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 77 ہزار 485 پر پہنچ گیا، جبکہ Nifty میں 850 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 23 ہزار 975 پوائنٹس پر چلا گیا۔ زرِ مبادلہ کی منڈیوں میں آج لگاتار چوتھے سیشن میں امریکی ڈالر کے مقابلے بھارتی روپے کی قدر میں اضافہ ہوا۔ روپے کی قدر میں 39 پیسے کا اضافہ ہوا اور ایک ڈالر 92 روپے 59 پیسے کا ہوگیا۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، آج کے میچوں میں دلّی کیپٹلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈئم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات گوہاٹی میں، راجستھان رائلس نے ممبئی انڈینس کو 27 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ بَرسا پاڑا کرکٹ اسٹیڈئم میں

کھیلا گیا تھا۔ یہ میچ بارش کی وجہ سے ڈھائی گھنٹے سے بھی زیادہ تاخیر سے شروع ہوا اور بعد میں اِسے محض 11 اوورز تک محدود کر دیا گیا۔×

**ISS-WORLD RECORD**

کل اسپین میں Granada کے مقام پر ISSF عالمی کپ میں 10 میٹر ایئر پسٹل کی مِکسڈ ٹیم کے مقابلے میں بھارت کے نشانے بازوں Palak Gulia اور ٹکیش Nelavalli نے سونے کا تمغہ جیتا۔

اس جوڑی نے فائنل میں مجموعی طور پر 487 اعشاریہ سات پوائنٹس حاصل کئے۔ اس سال کے شروعات میں نئی دلّی میں ایشین شوٹنگ چمپئن شپ میں ازبیکستان کی Nigina Saidkulova اور Mukhammad Kamalov کے ذریعہ بنائے گئے 481 اعشاریہ تین پوائنٹس کے گزشتہ ریکارڈ کو توڑ دیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆